ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

# پاکستان انڈر19 کی بنگلہ دیش انڈر19 کے خلاف 80 رنز سے کامیابی۔

**راجشاہی، 15 مئی 2023:**

پاکستان انڈر19 ٹیم نے بنگلہ دیش انڈر19 ٹیم کو پانچویں اور آخری ون ڈے میں 80 رنز سے شکست دے کر سیریز کا اختتام چار ایک پر کرلیا۔

پانچویں میچ کی خاص بات حمزہ نواز اور شاہ زیب خان کی عمدہ بیٹنگ اور عرفات منہاس کی آل راؤنڈ کارکردگی تھی۔

بنگلہ دیش انڈر19 نے ٹاس جیت کر پاکستان انڈر19 کو بیٹنگ دی۔

پاکستان انڈر19 نے مقررہ پچاس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 244 رنز اسکور کیے۔

جواب میں میزبان ٹیم صرف 164 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

پاکستان انڈر19 کی اننگز میں آزان اویس اور شاہ زیب خان نے اپنی ٹیم کو88 رنز کا اچھا اسٹارٹ دیا۔ آزان اویس پانچ چوکوں کی مدد سے 41 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔

شاہ زیب خان نے 93 گیندوں پر 67 رنز اسکور کیے جس میں آٹھ چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

پانچ میچوں کی اس سیریز میں آزان اویس نے ایک سنچری اور دو نصف سنچریوں کی مدد سے سب سے زیادہ 269 رنز اسکور کیے جبکہ شاہ زیب خان ایک سنچری اور دو نصف سنچریوں کی مدد سے 264 رنز بنا کر دوسرے سب سے کامیاب بیٹسمین رہے۔

حمزہ نواز پاکستان انڈر19 کی اننگز کے ٹاپ اسکورر رہے انہوں نے 76 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے چھ چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 72 رنز اسکور کیے۔

انہوں نے عرفات منہاس کے ساتھ پانچویں وکٹ کی شراکت میں 75 رنز کا اضافہ کیا۔ عرفات منہاس نے 40 رنز کی اننگز کھیلی جس میں ایک چھکا اور پانچ چوکے شامل تھے۔

بنگلہ دیش انڈر19 کی طرف سے محفوظ الرابی نے 42 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

بنگلہ دیش انڈر19 کا آغاز مایوس کن تھا اور 38 رنز پر اس کی چار وکٹیں گر گئی تھیں۔

کپتان احرار امین اور شہاب جیمز نے پانچویں وکٹ کی شراکت میں 83 رنز کا اضافہ کیا۔ احرار امین 53 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ شہاب جیمز 9 چوکوں کی مدد سے 56 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوئے۔

پاکستان انڈر19 کی طرف سے علی اسفند نے 24 اور عرفات منہاس نے 20 رنز دے کر تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور۔

پاکستان انڈر19 ٹیم 244 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) حمزہ نواز 72۔ شاہ زیب خان 67۔ محفوظ الرابی 42/4 وکٹ۔

بنگلہ دیش انڈر19 ٹیم164 رنز۔(36اعشاریہ 3اوورز)۔شہاب جیمز56۔احرار امین53۔عرفات منہاس20/3وکٹ۔علی اسفند24/3وکٹ

دونوں ٹیموں کے درمیان واحد ٹی ٹوئنٹی میچ بدھ کے روز کھیلا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial